ابواب اور فصول کی کوئی خاص ترتیب نہیں اور نہ ہی مرتب معلوم ہے۔ البتہ حضرت قاضی صاحب کی مستقل مرتب و مدون سوانح حیات لکھنے کیلئے یہ مجموعہ ریفرنس بک کی حیثیت رکھتی ہے۔ ۲۷۲ صفحات پر مشتمل ضخیم کتاب، مضبوط جلد بندی اور درمیانی کاغذ کیساتھ کتب خانہ نجم المدارس نزد مدرسہ عربیہ نجم المدارس کلاچی 0966-760322 ڈیرہ اسماعیل خان سے ۲۵۰ روپے میں دستیاب ہے۔ (مبصر: مولانا اسرار مدنی)

● غُنية المتملي في شرح منية المصلي (حلبي صغير)

مؤلف: الشيخ ابراهيم الحلبي الحنفي   ضخامت: ۳۱۲ صفحات   ناشر: زمزم پبلشرز، کراچی

فقہ حنفی میں منية المصلي کی اہمیت اہل علم سے مخفی نہیں، کتاب الصلاۃ کے جملہ مسائل کے حل کے لئے یہ کتاب بنیادی اہمیت کی حامل ہے، اہل علم فتویٰ اس کتاب سے مستغنی نہیں ہو سکتے، اب تو خیر اس کتاب کو ارباب مدارس اتنی توجہ نہیں دیتی جتنی کہ وہ مستحق ہیں تاہم پچھلے ادوار میں یہ ایک مرجع و ماخذ سمجھی جاتی تھی اور اس پر عربی زبان میں بڑے بڑے اہل علم نے حواشی اور شروحات لکھی ہے اور آج بھی اس کی عربی، اردو شروحات منظر عام پر آ رہی ہے۔ اس کتاب کی ایک شرح حلبی صغیر کے نام سے مشہور ہے جس کا مکمل نام غُنية المتملي في شرح منية المصلي ہے، تاہم پرانی چھاپ والی کتاب سے استفادہ کرنا ذرا مشکل کام تھا اللہ جزائے خیر دے، زمزم کے ارباب اہتمام کو کہ انہوں نے اسکی طباعت کا اہتمام کیا بہت ہی خوبصورت انداز میں اسے شائع کر کے اعلیٰ کمپوزنگ اور طباعت سے آراستہ کیا۔ انتہائی عرق ریزی سے تیار کردہ فقہ حنفی کا یہ حسین گلدستہ طلبائے علوم نبوت کیلئے انتہائی مفید، جانفزا، کارآمد سوغات سے کم نہیں، خصوصاً فقہ کے طلباء اور علماء دونوں کے لئے ایک نعمت اور قیمتی تحفہ ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کتاب کو مصنف کے لئے اعلیٰ درجات کا ذریعہ بنائے اور ارباب اہتمام زمزم کو مزید علمی خدمات کی توفیق عطا فرمائے (مبصر: مولانا اسلام حقانی)

● تنبيه الولاة والحكام على احكام شاتم خير الانام او احد اصحابه الكرام

تصنیف: علامہ محمد امین ابن عابدین الشامی   تحقیق و تخریج: مولانا مفتی ثناء اللہ

ضخامت: ۲۹۵ صفحات   ناشر: مرکز البحوث الاسلامی مردان

علامہ ابن عابدین شامی کے علمی وقار، فقہی منزلت اور اجتہادی عبور، عملی عظمت کسی تعارف کی محتاج نہیں، ان کی شہرت ان کے مشہور زمانہ کاوش الرد المختار علی در المختار کے مرہون منت ہے، جس سے کوئی عالم، کوئی محقق، کوئی مفتی اور کوئی قاضی مستغنی نہیں رہ سکتا، بایں ہمہ علامہ مرحوم کی دیگر